بسم اللہ الرحمن الرحیم


# ادارہ تحقیقات اسلامی

شاہ فیصل مسجد ، پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۵

اسلام آباد ( پاکستان )

ٹیلیفون : ۵ ـ ۸۵۰۵۵۱

تار کا پتہ : اسلامسرچ ، اسلام آباد


حوالہ نمبر ____________

تاریخ 30/ جنوری 1986 ء

مخدومی المکرم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ ـ

مولانا فراھی کے حالات میں ایک زبانی روایت ملی ھے کہ لا علمی میں ایک قادیانی استاد مدرسے میں رکھ لیا گیا ـ وہ انگریزی پڑھاتا تھا ـ اپنے مضمون میں بہت لائق اور طلبہ میں بہت مقبول تھا ـ اس نے اس صورت حال سے فائدہ اٹھا کر طلبہ میں اپنے خیالات کی تبلیغ شروع کردی ـ جس کی وجہ سے مدرسے کے مسلمان اساتذہ میں تشویش پیدا ھوئی ـ بات مولانا فراھی تک پہنچی ـ تحقیق کے بعد جب یہ ثابت ھوگیا کہ یہ قادیانی ھے اور طلبہ میں اپنے خیالات پھیلاتا ھے تو مولانا نے بقول راوی اسے کھڑے کھڑے مدرسے سے نکال دیا ـ

اس کا نام سلیم تھا ـ موضع اسنا تحصیل گھوسی کا رھنے والا تھا ـ یہ واقعہ 1918 کے لگ بھگ کسی زمانے کا ھے ـ

ایک راوی نے واقعہ کی یہ تصویر پیش کی ـ دوسرے راوی نے بالکل مختلف تصویر پیش کی ـ وہ یہ کہ مولانا نے مسلمان اساتذہ کو بڑا حکیمانہ جواب دیا ـ اس کو نکالا نہیں اور مسلمانوں کو غیرت دلائی کہ وہ ایک ھے اور آپ بیسیوں کی تعداد میں ھیں ـ آپ حق کے علمبردار ھیں اور وہ باطل پرست ھے ـ آپ بیس مل کر اس ایک کا مقابلہ نہیں کرسکتے ـ مولانا نے اسکو نکالا نہیں الٹا شکایت کرنے والوں کو شرم دلائی ـ

اگر یہ واقعہ ھوا تو ضرور آپ کے علم میں ھوگا ـ از راہ نوازش صحیح صورت حال کی نشاندھی فرمائیں ـ اور تفصیل سے پورا واقعہ لکھ دیجئے ـ

والسلام

شرف الدین اصلاحی

( شرف الدین اصلاحی )
ریڈر

مولانا امین احسن اصلاحی صاحب
برمکان میجر انور راجپوت
19/1 ملٹری آفیسرز کالونی ،
طارق روڈ ، کینٹ لاھور ـ